© rasailojaraid.com

## (۲)

نام کتاب : مقالاتِ سیرتِ مصطفیٰ ﷺ

مصنف : ڈاکٹر حافظ سید خالد محمود ترمذی

ضخامت:288 صفحات قیمت : 500 روپے (رعایتی قیمت:300 روپے)

ناشر : حسن قلم پبلی کیشنز 100۔مین فیروز پور روڈ، اچھرہ لاہور

ملنے کا پتہ ورابطہ مصنف:90۔ایل، ماڈل ٹاؤن لاہور

فون: 03060454325, (042)35218890

کتاب تیرہ (۱۳) مقالات سیرتِ مصطفیٰ ﷺ پر مشتمل ہے جن میں زیادہ تر وہ مقالات ہیں جو مصنف نے وزارتِ مذہبی امور کے زیر انتظام منعقد ہونے والی قومی سیرت کانفرنس میں پڑھے تھے۔اس کانفرنس میں ملک کے مشاہیر دانشور اور علماء نے حصہ لیا۔

مقالات وقیع معلومات پر مشتمل ہیں جو ڈاکٹر صاحب کی حُبِ نبیؐ پر شاہد ہیں۔تمام مقالات پُر مغز اور بامقصد ہیں۔مصنف کا تحقیق وتجسس کا مادہ اور حب الوطنی ہر مقالے سے عیاں ہے۔تحریر کی سادگی اور سلاست نے مقالات کو دلکش، دلپذیر اور مؤثر بنا دیا ہے۔مقالات میں چند ایک کے عنوانات اس طرح ہیں:

☆ خدمتِ خلق، سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں

☆ اُسوۂ رسولؐ اور فلاحِ انسانیت

☆ حضور ﷺ بحیثیتِ داعی امن واخوت

☆ تعلیماتِ نبوی اور عالمگیر تہذیب کا تصور

☆ اسلام کا نظامِ عدل واحسان اور برائیوں کا انسداد

☆ پاکستان کے لیے مثالی نظامِ تعلیم کی تشکیل تعلیماتِ نبویؐ کی روشنی میں

کتاب میں املا اور کمپوزنگ کی اغلاط حساس طبیعت قاری کی توجہ کو منتشر کرتی ہیں۔

❁❁❁

**اطلاع برائے قارئین**

طباعتی اخراجات میں اضافے کے باعث حکمت قرآن کے زرتعاون میں معمولی اضافہ کیا جا رہا ہے، چنانچہ جنوری 2016ء سے قیمت فی شمارہ 60 روپے اور سالانہ زرتعاون 240 روپے ہوگا! (ادارہ)



© rasailojaraid.com